## سوال

(406)اسلام میں نماز کی امامت کرانے کی شرائط

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اسلام میں نماز کی امامت کرانے کی کیا شرائط ہیں؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو قرآن مجید کا زیادہ ماہر ہو، وہ امامت کرائے۔ اگر قرآن میںبرابر ہوں تو جو حدیث میں زیادہ ماہر ہو۔ اگر حدیث میں بھی برابر ہوں تو جس نے پہلے ہجرت کی ہو، اگر ہجرت میں بھی برابر ہوں تو جو عمر میں بڑا ہو اور جہاں کسی کے اختیارات ہوں وہاں دوسرا امامت نہ کرائے اور نہ اس کی عزت کی جگہ میں بیٹھے مگر اس کے اذن سے۔ صحیح مسلم، بَابُ مَنْ أَحَقُّ بِالْإِمَامَةِ، رقم: ٦٧٣

مزید وضاحت کے لیے ملاحظہ ہو! فتاویٰ اہلحدیث (٢٠٦/٢،٢٠٥)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب الصلوٰۃ: صفحہ:366

محدث فتویٰ